© rasailojaraid.com

سید کاشف گیلانی

# جنگ

رنگ لائے گی کسی روز مفادات کی جنگ
رخ بدلتی نظر آتی ہے خیالات کی جنگ

لڑ رہے ہیں بڑی ثابت قدمی سے کچھ لوگ
نئی تہذیب سے پھر کہنہ روایات کی جنگ

قوم کی ناؤ ڈبو دی ہے خرد والوں نے
سر پہ مدت سے مسلط ہے تجربات کی جنگ

کون وہ لوگ ہیں کیا ان کا ہے ہم سے رشتہ
وہ جو مذہب سے کراتے ہیں خرافات کی جنگ

کس کی سازش سے ہوئے میرے وطن کے ٹکڑے
کیوں مرے ذہن سے ہوتی ہے سوالات کی جنگ

لے گیا چھین کے کون اہل وطن کے دل سے
جذبۂ عزم و عمل غیرتِ حالات کی جنگ

منکرِ مذہب و ملت ہیں خدا کے دشمن
لڑ کے دکھلائیں گے ہم منفی و اثبات کی جنگ

اپنی لڑتے ہوئے گزری ہے جفاکاروں سے
جس طرح دھوپ سے ہو موسمِ برسات کی جنگ

چھوڑ کے دامنِ مذہب کو تو یہ ہونا تھی
فرقہ و نسل کی رنگ اور ذات پات کی جنگ

کاشف آئے کوئی اس قوم کو یکجا کردے
دیکھ لی ہم نے سیاست کے کرشمات کی جنگ


عطیہ خواجہ غریب شاہ

اصلی ہڈی جوڑ گولی

رجسٹرڈ 675

انسان کی ہڈی ٹوٹ جائے تو گولی کے تین حصے کرکے روزانہ نہار منہ مکھن کے ساتھ کھائیں اور پانچ دن تک نمک سے پرہیز کریں۔ اور اگر کسی جانور کی ہڈی ٹوٹ جائے تو یہی گولی مکمل جوار، مکئی یا جو کے آٹے میں کھلائیں نمک، گندم اور چنے کے آٹے سے پرہیز کرائیں۔ نیز ہمارے ہاں بواسیر اور ہمہ قسم کے درد کی گولیاں بھی دستیاب ہیں۔ نوٹ: مدرسہ کے لئے تعاون کی اپیل جاتی ہے۔

پتہ: صاحبزادہ قاری محمد طیب میانہ (اولاد سلطان عبدالحکیم)
مسجد حاجی بشیر احمد محلہ سلطانیہ عبدالحکیم، تحصیل کبیروالا ضلع خانیوال




© rasailojaraid.com